قرآن صفحہ 1a تعارف اور تعوّذ

کورس کے مقاصد:

B قرآن مجید کے ابتدائی پانچ صفحات پڑھنا(سورۃ البقرۃ، آیات 1-37)

C اس کورس کے ختم پر یعنی چھٹے صفحے سے قرآن مجید کی ہر سطر کے 7 الفاظ کو سمجھنا یعنی 80% الفاظ کو سیکھ لینا!

D اشاروں اور فقروں کے ذریعہ نئے الفاظ و معانی سیکھنا

E قرآن کو زندگی میں لانے کا طریقہ سمجھنا

F قرآن کی ہر سطر میں آنے والے کمزور افعال کو سیکھنا

G 200 سے زیادہ قرآنی مضمون سے متعلق عربی بول چال کے جملے سیکھنا

قرآن فہمی کے دوران پیش آنے والے دو چیلنجس اور ان کا حل:

B الفاظ کے معانی: ان کو اشارات اور فقروں کے ذریعے یاد کیا جاسکتا ہے۔

C گرامر: اس کو TPI اور عربی بول چال کے ذریعے سیکھا جاسکتا ہے۔

اشارات اور ان کے فائدے:

عام طور پر قرآن کے جو نسخے پرنٹ ہوتے ہیں ان میں ہر پارے میں 20 صفحات ہوتے ہیں۔ ہر پارہ 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اس لیے ہر پاؤ پارے میں 5 صفحات ہیں۔ ہم اس کورس میں شروع کے 5 صفحات یعنی پہلا پاؤ پارہ سیکھیں گے۔

اس کورس میں ہر صفحہ کو 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حصہ ایک اشارہ کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ ہر اشارہ میں ایک سے زائد عنوانات اور مضامین ہوسکتے ہیں۔ اشارات کے کئی فائدے ہیں، مثلاً:

- اشارات کی مدد سے مضمون کا پتہ چلتا ہے جن میں نئے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔
- اشارات ایک زنجیر کا کردار ادا کرتے ہیں جن کی مدد سے الفاظ کے معانی کو یاد کرنا اور ضرورت پڑنے پر انہیں دوبارہ ذہن میں لانا آسان ہوتا ہے، زنجیر گویا معانی کو پکڑ کر رکھتی ہے۔
- ان کی مدد سے آپ پورے صفحہ پر موجود مضامین کو ذہن میں لاسکتے ہیں
- قرآن مجید کو حفظ کرنے میں اشارات بہت مددگار ہوتے ہیں۔

فقروں (Phrases) کے فائدے:

- فقرے وہ زنجیر دیتے ہیں جس سے نئے الفاظ کے معانی کو پکڑ کر رکھا جاسکتا ہے۔
- آیات کے مضامین کو یاد رکھنے میں مددگار بنتے ہیں۔
- الفاظ کے مقابلے میں فقرے بات کو بہتر سمجھاتے ہیں۔ مثلاً صَمَد: بے نیاز۔ اللّٰہُ الصَّمَد: اللہ بے نیاز ہے۔
- صرف الفاظ کے معانی یاد کرنے کے مقابلے میں فقروں کو اور ان کے معانی کو یاد کرنا زیادہ موثر، مفید، دلچسپ، اور قابل عمل طریقہ ہے۔

فقروں کو یاد کرنے کا فارمولہ (R-5s-10-Loud):

جب بھی آپ کسی فقرہ کو پڑھیں، تو اس فارمولہ کو استعمال کریں: **R-5s-10-Loud**

- **R**:**Relax**، یعنی آرام سے پڑھیے، اگر آپ مختلف خیالات میں گھرے ہوں یا کسی تناؤ میں ہوں تو گہری سانس لیجیے تاکہ ذہن ادھر ادھر نہ لگا رہے۔
- **5s**: حواس خمسہ (five senses) کو استعمال کیجیے۔ سننا، دیکھنا، سونگھنا، چکھنا، چھونا، محسوس کرنا۔ افعال کی حرکتوں کا اور اسماء کی شکلوں کا تصور کیجیے۔
- **10** – کم از کم دس سیکنڈ اس کام کو کیجیے۔
- **Loud** – بلند آواز سے کہیے۔

عربی بول چال: اس پریکٹس کے کئی فائدے ہیں:

B اس کورس میں عربی بول چال کے سارے جملے قرآنی ماحول سے جڑے ہوں گے، اس طرح قرآن کو سمجھنا آسان ہو گا۔

C جملوں کی پریکٹس سے فعل کے مختلف صیغے اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں گے۔

D ٹیچر اور طلبہ کے درمیان اور آپس میں پریکٹس کے ذریعہ کلاس کا ماحول active بنا رہے گا۔

E گرامر سیکھنے میں دلچسپی بنی رہے گی۔

❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋

اب ہم تعوّذ کو لیتے ہیں

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ	مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.
میں پناہ میں آتا ہوں اللہ کی	شیطان مردود سے۔

مختصر شرح

- تعوّذ اور سورۂ فاتحہ (جو اگلے سبق میں آرہی ہے) سے کئی اسباق لیے جاسکتے ہیں۔ ان اسباق کی بنیاد پر ہم چند عادتوں کا ذکر کریں گے، جو ہم کو دنیا و آخرت میں کامیاب بنا سکتی ہیں۔ ایک عادت کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے۔
- اَعُوْذُ بِاللّٰهِ...: عادت نمبر-1: اپنی حفاظت کا ہمیشہ خیال رکھیے! یہ یاد رکھیے کہ آپ شیطان کے مسلسل حملوں میں گھرے ہوئے ہیں اور آپ کو مسلسل حفاظت کی ضرورت ہے۔ شیطان کسی وقت بھی حملے کر سکتا ہے، وہ گھات میں بیٹھا ہوا ہے۔
- قرآن پڑھنے سے پہلے تعوّذ پڑھیے تاکہ قرآن کی تلاوت کے دوران شیطانی وسوسے نہ آئیں، قرآن میں غور کرنے کا موقع ملے اور قرآن سے ہدایت ملے۔